جامعۃ العلوم الاسلامیہ / الجامعۃ البنوریۃ العالمیۃ

پی او بکس نمبر: ۱۰۶۹۸ سائٹ کراچی پاکستان

دار الافتاء والقضاء

Email: darulifta@gmail.com Web:www.jamiabinoria.net Ph: +92-21-2560300\2560400 Fax: +92-21-2564586

Name :>	**Mushtaq Hussain**	Serial No :>	**3603**
Address :>	**Karachi**	Fatwa No :>	**38219**
Sebject :>	**TALAQ**	Date :>	**4/26/2008**
Question :>		Email :>	

agar bar bar samjhane par bhi biwi wapis ghar na arahi hu tou uski nasihat ke liye waqfe waqfe se talaq ka kia tariqa ha islam mai uski detail wazah farmaye.

اگر بار بار سمجھانے پر بھی بیوی واپس گھر نہ آرہی ہو تو اس کی نصیحت کے لیے وقفے وقفے سے اسلام میں طلاق کا کیا طریقہ ہے اس کی وضاحت فرمائیں۔

مشتاق حسین

الجواب حامداً و مصلیاً

طلاق انتہائی ناپسندیدہ فعل ہے اور بلا وجہ اس عمل کے ارتکاب سے رحمٰن کا عرش ہل جاتا ہے اس لیے حتی الوسع طلاق دینے سے گریز کیا جائے اس لئے اگر خود سمجھانے سے اس کی سمجھ میں نہ آئے تو خاندان کے کسی معتمد آدمی کو بتا کر اس کے ذریعہ سمجھانے اور نصیحت کرنے کی کوشش کی جائے اگر اس کے باوجود بھی نباہ کی کوئی صورت باقی نہ ہو تو طلاق کی دھمکی دے کر دیکھ لیا جائے اگر اس کے باوجود بھی اثر نہ ہو تو پھر عورت کو پاکی کی حالت میں یہ الفاظ کہے (میں نے تجھے ایک طلاق دی) اگر پھر بھی اصلاح کی کوئی صورت نہ آرہی ہو تو اسی طرح رہنے دے رجوع بھی نہ کرے تاکہ وہ اپنی عدت گزار لے اور اگر اصلاح کی صورت نظر آئے تو دوران عدت رجوع بھی کرسکتا ہے۔

فی سنن ابن ماجہ:۔ عن عبد اللہ ابن عمر رضی اللہ عنہما قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ابغض الحلال الی اللہ الطلاق ص ۱۴۵ هکذا فی ابی داؤد ص ۲۹۶ ج ۱۔

وفی سنن ابی داؤد:۔ عن محارب قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ما احل اللہ شیئاً ابغض الیہ من الطلاق ص ۲۹۶ ج ۱۔

وفی الهدایة:۔ فالأحسن أن یطلق الرجل امرأته تطلیقة واحدة فی طهر لم یجامعها فیه و یترکها حتی تنقضی عدتها لأن الصحابة رضی اللہ عنهم کانوا یستحبون أن لا یزیدوا فی الطلاق علی واحدة

(جاری ہے)

حتى تنقضي العدة ص٢٣٤ .

وفي الفقه الإسلامي وأدلته :- واجمع العلماء على أن الرجل اذا طلق دون الثلاث له الرجعة في العدة .

و بناء عليه: اذا طلق الرجل امرأته المدخول بها تطليقة رجعية أو تطليقتين ، فله أن يراجعها في عدتها ، سواء رضيت بذلك أم لم ترض ، لأنها عند الحنفية باقية على الزوجية ص٤٦١ .

والله أعلم بالصواب

شاہد حمید عفی عنہ
دار الافتاء جامعہ بنوریہ کراچی
۱۹ ربیع الثانی ۳۹ھ

[illegible]
دار الافتاء جامعہ بنوریہ
۱۹ ربیع الثانی ۱۴۳۹ھ

الجواب صحیح
عبد اللہ شوکت [illegible]
دار الافتاء جامعہ بنوریہ [illegible]
۲۰ ربیع الثانی ۱۴۳۹ھ .